رابطہ العالم الاسلامی ــــــ مثالی کردار

اداریہ

عالم اسلام اور مسلمانوں کے لئے سعودی عرب کی بے پناہ خدمات کسی سے مخفی نہیں۔ مسلمان دنیا کے کسی کونے میں بستے ہوں۔ ان کی تکالیف کے ازالہ کے لئے سعودی حکومت ہمیشہ مستعد رہتی ہے۔ اسلامی تعلیمات عربی زبان کے فروغ اور اسلامی ثقافت کے احیاء کے لئے سب سے موثر کردار یہی حکومت سرانجام دے رہی ہے۔ پوری دنیا میں سعودی حکومت کے مالی تعاون سے بے شمار منصوبے دکھی انسانیت کی خدمت کیلئے کام کر رہے ہیں۔ سعودیہ کی وزارۃ شئون الاسلامیہ والاوقاف والدعوۃ والارشاد کے تحت لاتعداد مدرسین اور مبلغین اکناف عالم میں تدریس و تعلیم اور تبلیغ میں مصروف عمل ہیں۔ اسی طرح سعودیہ کی اسلامی یونیورسٹیاں بھی ابناء اسلام کو اعلیٰ تعلیم مفت دیتی ہیں اور ہزاروں طلبہ ان یونیورسٹیوں میں زیر تعلیم ہیں۔

اسلام اور مسلمانوں کی خدمت کیلئے خادم الحرمین الشریفین کی حکومت ایک اور مثالی اور عالمی تنظیم "رابطہ العالم الاسلامی" کی سرپرستی بھی فرما رہی ہے۔ جس کا دائرہ کار پوری دنیا میں پھیلا ہوا ہے۔ اس کے بے شمار ذیلی دفاتر مختلف ممالک میں قائم ہیں جو مسلمانوں اور خاص کر مسلم اقلیت کے مسائل کا قریب سے جائزہ لیتے ہیں اور ان کے حل کے لئے بھرپور کوشش کرتے ہیں۔

یہ عظیم الشان تنظیم جس کی مالی سرپرستی حکومت سعودیہ کرتی ہے۔ مسلمانوں کے درمیان باہمی رابطہ اور قریبی تعلق کا بہترین ذریعہ ہے۔ خاص کر دنیا میں قائم اسلامی تنظیموں اور جمعیات کے درمیان تعاون میں مثالی کردار ادا کرتا ہے اور ایک دوسرے کے تعارف کا بہترین ذریعہ ہے۔ رابطہ العالم الاسلامی کے ذریعے مختلف سینکڑوں تنظیمیں اپنے منصوبوں کی تکمیل کرتی ہے۔ جس سے مسلمان مستفید ہوتے ہیں۔

اپنے قیام سے لے کر اب تک یہ مثالی ادارہ بخیر و خوبی اپنے فرائض سرانجام دے رہا ہے۔ اس کے زیر اہتمام منعقد ہونے والی کانفرنسیں، علمی اجتماعات اور مختلف اجلاس میں مختلف ممالک کے وفود شامل ہوتے ہیں۔ جو نہ صرف ان اجتماعات سے مستفید ہوتے ہیں بلکہ باہمی رابطہ اور تعارف بھی حاصل کرتے ہیں۔

خاص کر ہر سال حج کے مبارک موقع پر پوری دنیا سے سینکڑوں افراد رابطہ کی میزبانی میں یہ فریضہ سرانجام دیتے ہیں۔

اس سال بھی بیالیس ممالک کے تقریباً تین سو افراد نے رابطہ کی میزبانی میں فریضہ حج ادا کیا جس کے لئے مثالی انتظامات کئے گئے تھے۔ ان وفود کو اس موقعہ پر ایک دوسرے کو قریب سے ملنے ان کے خیالات سننے اور ان کے حالات کو جاننے کا شاندار موقعہ ملا۔ اس موقعہ پر مختلف ممتاز علماء نے محاضرات پیش کئے۔ جس میں علمی موضوعات بھی تھے اور حالات حاضرہ بھی۔ سعودی حکومت کی خدمات کا تذکرہ اور عالم اسلام کے حالات بھی...... ان میں سوال و جواب کی نشستیں بھی تھیں جن سے بہت زیادہ استفادہ کیا گیا، رابطہ العالم الاسلامی کے موجودہ سیکرٹری جنرل معالی الشیخ دکتور عبداللہ بن صالح العبید حفظہ اللہ ہیں۔ جو عالم اسلام کی ایک ممتاز شخصیت ہیں۔ جو انتہائی محنتی اور عالم اسلام پر گہری نظر رکھتے ہیں۔ ان کے علاوہ ڈپٹی سیکرٹری الشیخ امین عقیل عطاس، الشیخ دکتور عدنان خلیل باشا بھی رابطہ کے روح رواں ہیں۔ رابطہ کے ڈائریکٹر پبلک ریلیشن جناب منصور احمد بحہ کی کارکردگی بھی مثالی ہے۔ ان کے معاونین جن میں الشیخ ابراہیم، الشیخ محمد اسحاق ترکستانی اور الشیخ محمد صدیق بھٹی دن رات مہمانوں کی خدمت میں مصروف کار رہے۔ آخر میں ہم دعاگو ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس تنظیم کو دن دگنی اور رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔ ان کے مسئولین کو بھی اجر عظیم سے نوازے۔ آمین